# MODEL SAMPLE PAPER SET-3

Subject: Urdu  Class: 12th  Session:2023-24

Paper: Annual/ Supplementary  Time: 3:00 Hour  Marks:80

Roll No.____________________

---

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔

All qustions are compusory.

☆برائے مہربانی اس بات کی تصدیق کر لیں کہ یہ سوال نامہ 5 صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں سوالات کی کل تعداد 13 ہے۔

Please make sure that the printed pages in this question paper are 5 in number and it contains 13 questions.

☆سوال نامے کے دائیں جانب اوپر تحریر کیے گئے کوڈ نمبر کو طالب علم جوابی کاپی کے شروعاتی خاص صفحہ پر ضرور درج کریں۔

The Code No. on the right side of the question paper should be written by the candidate on the front page of the answer book.

☆ برائے مہربانی سوال کا جواب تحریر کرنے سے قبل سوال کا شمار نمبر ضرور درج کریں۔

Before beginning to answer a question its Serial Number must be written.

☆ جوابی کاپی کے درمیان خالی صفحہ/صفحات ہرگز نہ چھوڑیں۔

Don't leave blank page/pages in your answer sheet.

☆مہیا کرائی گئی کلیدی جوابی کاپی کے علاوہ کوئی دوسری کاپی نہیں ملے گی۔ اس لیے بڑے ہی احتیاط کے ساتھ سوال کا جواب لکھیں اور لکھا ہوا جواب نہ کاٹیں۔

Except answer book, no extra sheet will be given. Write to the point and do not strike the written answer.

☆طالب علم/طالبات اپنا رول نمبر سوال نامہ پر ضرور درج کریں۔

Candidate must write their Roll Number on the question paper.

☆برائے مہرانی سوالات کے جواب تحریر کرنے سے قبل اس بات کی جانچ کو یقینی بنائیں کہ سوال نامہ پوری طرح سے صحیح ہے۔امتحان کے درمیان اس تعلق سے کوئی بھی دعوی قبول نہیں کیا جائے گا۔

Please make sure to check that the question paper is completely correct before writing the answers to the questions. No claim in this connection will be entertained between examinations.

☆سوال نمبر ایک معروضی سوالات پر منحصر ہے جس کے 16 ذیلی سوالات ہیں۔ ہر سوال ایک ایک نمبر کا ہے۔

Question No. 1 is objective type and has 16 Sub-Questions and carry 1 equal marks.

☆سوال نمبر 2 بہت مختصر جوابات پر مشتمل ہے جس کے 4 ذیلی سوالات ہیں۔ ہر سوال ایک ایک نمبر کا ہے۔

Question No 2 is very short answer type and has 4 Sub-Questions and carry 1 equal marks..

☆سوال نمبر 3 سے 7 تک مختصر جوابات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال تین نمبر کا ہے۔

Question No 3 to 7 are based on short answer and carry 3 marks each.

☆سوال نمبر 8 سے 12 تک تفصیلی جوابات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال آٹھ نمبر کا ہے۔

Question No 8 to 12 are based on long answer type and carry 8 marks each.

☆سوال نمبر 13 شعری حصے کی تشریح پر مشتمل ہیں۔ یہ سوال 5 نمبر کا ہے۔

Question No 13 is based on poetry explaination and carry 5 marks.

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Download from www.MsEducationTv.com

سوال.1 مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار-چار جواب دیے ہوئے ہیں۔صحیح جواب کا انتخاب کر کے اپنی کاپی میں لکھیے۔ 16x1=16

(i) 'جب لگیں زخم تو قاتل کو دعا دی جائے' میں قاتل سے کیا مراد ہے؟

(ا) عاشق (۲) محبوب

(۳) رقیب (۴) قاصد

(ii) 'بالِ جبریل' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(ا) حالؔی (۲) جذبؔی

(۳) میرؔ (۴) اقبالؔ

(iii) مرزا غالبؔ کا پہلے کیا تخلص تھا؟

(ا) اسدؔ (۲) غالبؔ

(۳) ملالؔ (۴) حزیںؔ

(iv) غالبؔ کہاں پیدا ہوئے؟

(ا) آگرہ (۲) دہلی

(۳) علی گڑھ (۴) لکھنؤ

(v) 'زرد پتوں کی بہار' کس کا سفرنامہ ہے؟

(ا) رام لعل (۲) مولانا ابوالکلام آزاد

(۳) فیض احمد فیض (۴) تلوک چند محرومؔ

(vi) 'کالا پانی' کس کی آپ بیتی ہے؟

(ا) احتشام حسین (۲) جعفر تھانیسری

(۳) خورشید الاسلام (۴) حالؔی

(vii) 'مقدمہ شعر و شاعری' کس کی کتاب ہے؟

(ا) حالؔی (۲) احتشام حسین

(۳) خورشید الاسلام (۴) کلیم الدین احمد

(viii) 'سکون کی نیند' کس کا افسانہ ہے؟

(ا) حیات اللہ انصاری (۲) بلونت سنگھ

(۳) اقبال مجید (۴) کرشن چندر

(ix) 'غمّاز' کے معنی کیا ہیں؟

(ا) وکیل (۲) چغل خور

(۳) سپاہی (۴) چور

(x) 'مچھر' کس کا انشائیہ ہے؟

(ا) خواجہ حسن نظامی (۲) منٹو

(۳) عصمت چغتائی (۴) قرۃ العین حیدر

Download from www.MsEducationTv.com

(xi) 'روشنائی' کس کی کتاب ہے؟

(۱) سجاد ظہیر (۲) کرشن چندر

(۳) حالؔی (۴) اقبالؔ

(xii) قرۃ العین حیدر کہاں پیدا ہوئیں؟

(۱) آگرہ (۲) نوئیڈا

(۳) دہلی (۴) علی گڑھ

(xiii) 'اس آباد خرابے میں' کس کی آپ بیتی ہے؟

(۱) عصمت چغتائی (۲) قرۃ العین حیدر

(۳) اختر الایمان (۴) جوشؔ ملیح آبادی

(xiv) 'گورِ غریباں' کس کی نظم ہے؟

(۱) علی حیدر نظمؔ طباطبائی (۲) حالؔی

(۳) اقبالؔ (۴) میرؔ

(xv) نظم کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(۱) انتشار (۲) لڑی میں موتی پرونا

(۳) بدنظمی (۴) بے ترتیبی

(xvi) 'غزل' کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(۱) مقطع (۲) مطلع

(۳) ردیف (۴) قافیہ

**سوال 2. مندرجہ ذیل بہت مختصر سوالات کے جواب لکھیے۔** 4x1=4

(i) 'روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے' کس کی نظم ہے؟

(ii) غزل کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(iii) 'جنم دن' کس کا ترجمہ کیا ہوا افسانہ ہے؟

(iv) علامہ اقبال کب پیدا ہوئے؟

**نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔**

3. ''جو ابھی نہیں آئی اس گھڑی سے ڈرتے ہو'' شاعر نے یہ کیوں کہا ہے؟ 3

4. پیروڈی کے فن پر کلیم الدین احمد کے خیالات کیا ہیں؟ لکھیے۔ 3

5. رام لعل پاکستان کیوں جانا چاہتے تھے؟ 3

6. اختر الایمان کسی ایک طرح کی تعلیم پر کیوں نہ جم سکے؟ 3

Download from www.MsEducationTv.com

7. مندرجہ ذیل محاوروں کا مطلب لکھ کر انہیں جملوں میں استعمال کیجیے۔ 3x1=3

اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے

ایک مچھلی سارے تالاب کو گندہ کرتی ہے

آم کے آم گٹھلیوں کے دام

سوال.8 غالبؔ کی خطوط نگاری پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔ 8

یا

مختصر افسانہ کی تعریف اور اس کے فن پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

سوال.9 آپ بیتی کی تعریف اور اس کے فن پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

یا

خاکہ نگاری کی تعریف اور اس کے فن پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

سوال.10 غزل کی تعریف اور اس کے فن پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔ 8

یا

'ارتقا' نظم کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

سوال.11 انشائیہ کی تعریف اور اس کے فن پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔ 8

یا

قرۃ العین حیدر کی حیات وخدمات پر ایک تفصیلی نوٹ لکھیے۔

سوال.12 اپنے والد صاحب کے نام ایک خط لکھیے جس میں یومِ اردو کے موقع پر منعقد تقریبات کی روداد پیش کی گئی ہو۔ 8

یا

اپنے چھوٹے بھائی کے نام ایک خط لکھیے جس میں امتیازی نمبرات کے ساتھ پاس ہونے پر انہیں مبارکباد دی گئی ہو۔

Download from www.MsEducationTv.com

سوال.13 مندجہ ذیل میں سے کسی ایک شعری حصہ کی تشریح سیاق وسیاب کے ساتھ لکھیے ۔ 5

(الف)

کھول آنکھ زمیں دیکھ،فلک دیکھ، فضا دیکھ
مشرق سے ابھرتے ہوئے سورج کو ذرا دیکھ
اس جلوۂ بے پردہ کو پردوں میں چھپا دیکھ
ایّام جدائی کے ستم دیکھ، جفا دیکھ
بے تاب نہ ہو، معرکئہ بیم و رجا دیکھ

(ب)

پرسشِ غم کو وہ آئے تو ایک عالم ہوگا
دیدنی کیفیتِ قلب و جگر بھی ہوگی
منزلِ عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم
مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

Download from www.MsEducationTv.com